پریس ریلیز

پروفیسر آف سرجری ڈاکٹر فاروق افضل پرنسپل اے ایم سی /ایل جی ایچ /پی جی ایم آئی تعینات

بیرون ملک سے اعلیٰ تعلیم وتربیت حاصل کر کے پاکستانی عوام کی خدمت کرنے کو ترجیح دی

پروفیسر فاروق افضل سرجیکل انکالوجی سوسائٹی آف پاکستان کے صدر بھی ہیں

لاہور 21 مئی :...... حکومت پنجاب محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے سینئر پروفیسر آف سرجری ڈاکٹر فاروق افضل کو پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج /لاہور جنرل ہسپتال /پی جی ایم آئی تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔وہ پروفیسر آف سرجری، چئیر مین ڈیپارٹمنٹ آف سرجری، پی جی ایم آئی، اے ایم سی، ایل جی ایچ کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہیں گے۔

ڈاکٹر فاروق ایک پیشہ وارانہ ماہر سرجن کے علاوہ انہیں انتظامی امور کا بھی تجربہ رکھتے ہیں۔ڈاکٹر فاروق افضل ایم بی بی ایس/ایم ڈی ،ایف سی پی ایس /ایف آر سی ایس /ایف اے سی ایس /ایم سی پی ایس (ایچ پی ای) /ایم بی اے (یو ایس اے)/فیلو شپ اینڈ ایڈوانس لیپر وسکو پی اور باریٹرک سرجری (یو ایس اے) سے تربیت حاصل کی جبکہ پروفیسر فاروق افضل سرجیکل انکالوجی سوسائٹی آف پاکستان کے صدر بھی ہیں۔

علاوہ ازیں پاکستان اوبیسٹی اینڈ میٹابولوجی سوسائٹی کے وائس پریذیڈنٹ کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ڈاکٹر فاروق افضل نے بیرون ملک سے اعلیٰ تعلیم وتربیت حاصل کرکے پاکستانی عوام کی خدمت کرنے کو ترجیح دی۔قبل ازیں پروفیسر فاروق افضل بطور پرنسپل سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔

☆☆☆☆